ورکشاپ

اعلیٰ تعلیم میں تحقیق : ضرورت واہمیت اور طریق کار

4-6 مارچ2014

اعلیٰ تعلیم میں تحقیق کی ضرورت و اہمیت مسلم ہے۔علم کے کسی بھی شعبے میں ترقی کا مدار تحقیق کے معیار پر ہے۔کسی قوم کے تعلیمی اداروں میں تحقیق کا معیار جس قدر بلند ہوتا ہے زندگی کے مختلف شعبوں میں وہ اسی قدر ترقی کرتی ہے۔اسی لیے ادارہ تحقیقات اسلامی "**اعلیٰ تعلیم میں تحقیق: ضرورت واہمیت اور طریق کار**" کے عنوان سے **4تا6 مارچ2014** کو ایک تین روزہ ورکشاپ کا انعقاد کررہا ہے۔

اس ورکشاپ کے درج ذیل اغراض ومقاصد ہیں:

۱۔ مسلم علمی روایت میں تحقیق کے مقاصد، معیارات اور مناہج پر روشنی ڈالنا

۲۔ اخلاقیات اور تحقیق کے تعلق کو واضح کرنا

۳۔ شرکاء کو تحقیق کے مختلف مناہج سے روشناس کرانا

۴۔ شرکاء کو تحقیق کے لوازم سے باخبر کرنا

۵۔ شرکاء کو تحقیق کے جدید وسائل کے استعمال سے متعارف کرانا

اس ورکشاپ میں **اسلامی وسماجی علوم** کے **ایم اے، ایم فل اور پی ایچ ڈی** کے طلبہ و طالبات اور تحقیق میں دلچسپی رکھنے والے دیگر حضرات شرکت کرسکتے ہیں۔شرکاء کی تعداد چالیس سے پچاس ہوگی۔ورکشاپ کے دوران ذریعہ تعلیم اردو زبان ہوگی۔ورکشاپ کے اختتام پر شرکاء میں اسناد بھی تقسیم کی جائیں گی۔

ورکشاپ میں شرکت کے خواہش مند **25 فروری2014** تک اون لائن رجسٹریشن کرالیں۔منتخب افراد کو **28فروری 2014** تک بذریعہ ای میل اطلاع کردی جائے گی۔رجسٹریشن فارم کے لیے درج ذیل لنک پر **کلک** کریں۔

Register Online

https://docs.google.com/a/iiu.edu.pk/forms/d/1ghLi2Mg_hYOL96_D7KO-RWdOHHMgnTspMTvqe5pU2z8/viewform